# خیبر پختونخواہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2013

## منتخب مقامی حکومت کا قیام عوام کا آئینی وقانونی حق ہے

## THE KHYBER PAKHTUNKHWA LOCAL GOVERNMENT ACT 2013

آرٹیکل 32: حکومتی پالیسی مرتب کرتے وقت مقامی حکومتی اداروں کو تقویت دینا

آرٹیکل 37: (i) شہریوں کو حکومتی نظام کی نچلی سطح تک منتقلی کے ذریعے فوری رسائی فراہم کرنا

(ii) سیاسی مالی اور انتظامی اختیارات کی منتقلی اور مقامی حکومت کے نظام کے تحت اپنے نمائندگان کا انتخاب

### منتخب مقامی حکومت کا جمہوریت اور ملکی نظم ونسق کے ساتھ تعلق

- منتخب مقامی حکومت اختیارات کی وہ سطح ہے جہاں لوگ اپنے روزمرہ مسائل کے فوری حل کے لئے رجوع کرتے ہیں۔ یہ جمہوریت کی ایک ایسی سطح ہے جو تمام شہریوں کو فیصلہ سازی میں براہ راست اور بھرپور انداز میں شرکت کا موقع فراہم کرتی ہے۔
- منتخب مقامی حکومت لوگوں کے قریب ہونے اور مقامی مسائل پر فوری توجہ مرکوز کرنے کی وجہ سے جمہوریت کے فروغ اور نظم ونسق میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ منتخب مقامی حکومت کا نظام شہریوں کو ان کے مسائل حل کرنے اور فیصلہ سازی میں حصہ لینے کا مناسب اور براہ راست موقع فراہم کرتا ہے۔
- جمہوری نظام میں شہری اپنی پسند کے امیدواروں یا سیاسی جماعتوں کا انتخاب کرتے ہیں جو کہ ان کے وسیع تر فوائد کے لیے فوری اور دیرپا فیصلے کرتے ہیں۔
- منتخب مقامی حکومت کے بغیر جمہوریت ادھوری ہے۔ مقامی حکومت جمہوریت میں پہلی سیڑی کا درجہ رکھتی ہے۔
- جدید دور میں مقامی حکومت نہ صرف بلدیاتی خدمات سرانجام دیتی ہے بلکہ شہریوں کو متوازی معاشی مواقع فراہم کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔
- مقامی حکومت قانون نافذ کرنے والے اداروں اور دیہی وشہری تنظیموں کے باہمی تعاون سے امن وامان کے مسائل کے حل میں بھی بھرپور کردار ادا کرتی ہے۔

### خیبر پختونخواہ مقامی حکومت ایکٹ 2013ء کا انعقاد

خیبر پختونخوا حکومت نے 2013ء کو مقامی حکومت ایکٹ کا نفاذ کیا ہے جس کا مقصد صوبے بھر میں نچلی سطح تک اختیارات کی منتقلی کا ڈھانچہ مرتب کرنا تھا۔


خیبر پختونخواہ کا مقامی حکومتوں کا ایکٹ درجہ ذیل بلدیاتی اداروں کے قیام اور اختیارات کو واضح کرتا ہے۔

- دیہی ومضافاتی کونسل
- تحصیل کونسل اور بلدیاتی انتظامیہ
- ضلع کونسل اور ضلعی حکومت

CGPA
CENTRE FOR GOVERNANCE AND PUBLIC ACCOUNTABILITY
Centre for Governance and Public Accountability (CGPA)
www.c-gpa.org | info@c-gpa.org
آواز
VOICE & ACCOUNTABILITY PROGRAMME
آواز اور جوابدہی پروگرام

## دیہی ومضافاتی کونسل

دیہی ومضافاتی کونسل دس سے پندرہ ممبران پر مشتمل ہوگی۔ یونین کونسل ایک یا ایک سے زیادہ دیہی ومضافاتی علاقوں پر مشتمل ہوگی جبکہ آبادی کا تناسب دو ہزار سے دس ہزار کے درمیان ہوگا۔





ان تمام ممبران کا انتخاب براہ راست بالغ حق رائے دہی کے بنیاد پر ہوتا ہے۔ جنرل نشستوں پر بالترتیب پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والا ممبر دیہی ومضافاتی کونسل کا ناظم اور نائب ناظم ہوگا۔

## دیہی ومضافاتی کونسل کی ذمہ داریاں

- دیہی کونسل کے اختیارات وفرائض میں ان علاقوں میں موجود تمام اداروں مثلاً تعلیم، صحت، زراعت، لائیوسٹاک، پولیس وغیرہ کی نگرانی، سرپرستی اور احتساب کرنا اور انکی کارکردگی کا تحصیل کونسل اور ضلعی وصوبائی حکومت کو آگاہ کرنا۔
- پیدائش، فوتگی اور شادی کے ریکارڈ بنانا اور اس کا اندراج کرنا۔
- علاقے میں امن وامان کے لئے نظام مرتب کرنا۔
- اپنے علاقے کی صفائی، نکاسی آب اور گندگی کو ٹھکانے لگانے کا انتظام کرنا۔
- شجرکاری کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ اس کا تحفظ کرنا۔
- عوام کے لئے پینے کے صاف پانی کو یقینی بنانا۔
- عوامی مسائل کو حل کرنے کے لئے باہمی کمیٹی مرتب کرنا۔
- علاقے کی ضرورت کے مطابق ترقیاتی منصوبے مرتب کرنا۔
- علاقے میں کھیلوں کو فروغ دینا۔
- وغیرہ

## تحصیل کونسل

تحصیل کونسل میں ہر یونین کونسل کی سطح پر ایک تحصیل کونسلر براہ راست منتخب کیا جاتا ہے جبکہ مخصوص نشستوں پر تحصیل یونین کونسل کے براہ راست منتخب کونسلروں کی تناسب سے 33 فیصد خواتین، پانچ فیصد مزدور کسان، پانچ فیصد نوجوان اور پانچ فیصد اقلیتوں کا بلواسطہ انتخاب کیا جاتا ہے۔ تحصیل کونسل کی سطح پر تحصیل کونسل کے ممبران اپنا ایک نمائندہ منتخب کرتا ہے جو تحصیل ناظم کہلاتا ہے۔ تحصیل ناظم تحصیل کونسل کا سربراہ ہوتا ہے اور تحصیل سطح پر بلدیاتی افسران براہ راست تحصیل ناظم کو جوابدہ ہوتے ہیں۔





(خواتین، مزدور کسان، نوجوان اور اقلیت کا کم از کم ایک ایک نمائندہ ہوگا جیسا کہ ایکٹ میں ذکر کیا گیا ہے)

## تحصیل کونسل اور تحصیل میونسپل/بلدیاتی انتظامیہ کی ذمہ داریاں

- تحصیل کونسل کی اپنی جغرافیائی حدود میں میونسپل/بلدیاتی خدمات کی فراہمی، بحالی، بہتری اور دیکھ بھال کرنا۔
- مقامی ترقیاتی کاموں کی منصوبہ بندی کرنا۔
- میونسپل/بلدیاتی خدمات کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور ترقی کیلئے منصوبہ بندی کرنا۔
- میونسپل/بلدیاتی قوائد و ضوابط کی عمل داری قائم کرنا۔
- تحصیل کونسل کی سطح پر تجاوزات کو ہٹانا اور روکنا۔
- تحصیل کونسل کی سطح پر سائن بورڈز اور اشتہارات میں باقاعدگی لانا۔
- میونسپل/بلدیاتی ٹیکسز اور دوسرے مالی محصولات کا اکٹھا کرنا۔
- تحصیل کونسل کی سطح پر کھیلوں، ثقافتی اور تفریحی پروگراموں کا انعقاد کرنا۔
- دیہی و مضافاتی کونسلوں کے درمیان میونسپل/بلدیاتی خدمات کو فروغ اور اُن میں روابط بڑھانا۔
- امن و آمان کی بحالی، میونسپل/بلدیاتی خدمات کے قوائد میں بے قائدگی کرنے والے کے خلاف قانونی کاروائی کرنا۔

## ضلعی حکومت کی ساخت

ضلع کونسل میں ہر یونین کونسل کی سطح پر ایک ضلعی کونسلر براہ راست منتخب کیا جاتا ہے جبکہ مخصوص نشستوں پر ضلعی یونین کونسل کے براہ راست منتخب کونسلروں کی تناسب سے 33 فیصد خواتین، پانچ فیصد مزدور کسان، پانچ فیصد نوجوان اور پانچ فیصد اقلیتوں کا بلواسطہ انتخاب کیا جاتا ہے۔ ضلع کونسل کی سطح پر ضلع کونسل کے ممبران اپنا ایک نُمائندہ منتخب کرتا ہے جو ضلع ناظم کہلاتا ہے۔ ضلع ناظم ضلعی کونسل کا سربراہ ہوتا ہے




## ضلعی حکومت: اختیارات اور ذمہ داریاں

- نچلی سطح پر منتقل کیئے گئے دفاتر کی کارکردگی، انتظامی اُمور کو جانچنا۔
- صوبائی حکومت کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے ضلعی حکومت کا اختیارات کو استعمال کرنا۔
- نچلی سطح پر منتقل کیئے گئے اختیارات کے اندر رہتے ہوئے اچھی طرز حکمرانی اور خدمات کی ذمہ داری۔

## مالی معاملات (صوبائی خزانہ کمیشن) کی ساخت

### صوبائی حکومت کے نمائندہ گان

| | |
|---|---|
| صوبائی وزیر خزانہ | چیئر مین |
| لوکل گورنمنٹ وزیر | ممبر |
| صوبائی اسمبلی کے دوارکان (وزیر اعلیٰ اور اپوزیشن لیڈر کے باہمی مشاورت سے نامزدگی) | ممبران |
| محکمہ خزانہ، پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ، قانون اور لوکل گورنمنٹ کے صوبائی سیکٹریز | ممبران |

### ضلعی اور تحصیل کونسل کے نمائندہ گان

| | |
|---|---|
| ضلعی کونسل کے دو نمائندہ گان (ضلعی کونسل کے تمام ممبران سے منتخب کردہ) | ممبران |
| تحصیل کونسل کے دو نمائندہ گان (تحصیل کونسل کے تمام ممبران سے منتخب کردہ) | ممبران |

## صوبائی خزانہ کمیشن کے افعال اور ذمہ داریاں

صوبائی حکومت کو درجہ ذیل سفارشات دے گی۔

- صوبائی حکومت مالی سال میں مقامی حکومت کو اُن کے ٹیکسوں اور دوسرے مالی محصولات کے علاوہ مالی معاونت فراہم کرے گی ۔
  (مقامی، ضلعی حکومت کو ترقیاتی مالی معاونت اس طرح متعین کرے گی کہ یہ مالی سال کے صوبائی ترقیاتی فنڈز کے تیس فیصد سے کم نہ ہو)
- مقامی حکومتوں کے لیے مالی معاونت کے تقسیم کا ایک فارمولہ وضع کرنا۔
- خصوصی مالی معاونت/گرانٹ کے حصول کے لئے طریقہ کار وضع کرنا ۔
- مقامی حکومتوں کو ضرورت کے تحت مالی معاونت دینا۔
- مقامی حکومتوں کے خزانہ اور مالی فنڈز کے متعلق مسائل حل کرنے کی سفارشات مرتب کرنا۔

### مقامی حکومتوں کا کمیشن (نگرانی اور عمومی ربط) کی ساخت

| | |
|---|---|
| صوبائی لوکل گورنمنٹ وزیر | چیئر مین |
| صوبائی اسمبلی کے دوارکان (وزیر اعلیٰ اور اپوزیشن لیڈر کے مشاورت سے انتخاب) | ممبران |
| دو انتہائی تعلیم یافتہ افراد بشمول ایک خاتون (صوبائی حکومت کی جانب سے تین سال کیلئے انتخاب) | ممبران |
| محکمہ قانون اور لوکل گورنمنٹ کے سیکٹریز صاحبان | ممبران |

## مقامی حکومتوں کا کمیشن (نگرانی اور عمومی ربط) کی کارکردگی اور افعال

- صوبائی وزیر اعلیٰ کے لئے سالانہ اور خصوصی معائنہ رپورٹس کی تیاری
- جانچ پڑتال اور خصوصی انکوائری (پوچھ گچھ)
- تنازعات کا حل تلاش کرنا
- ضلعی اور تحصیل حکومتوں کا سالانہ کارکردگی رپورٹ تیار کرنا
- ضابطہ اور قوانین کے خلاف ورزی کا نوٹس لینا

## مقامی حکومت کے مددگار ادارے اور اُن کے ذمہ دار

| | |
|---|---|
| جانچ پڑتال (آڈٹ) | آڈیٹر جنرل آف پاکستان |
| جانچ پڑتال (آڈٹ) رپورٹس کا جائزہ | کونسل کی اکاؤنٹس کمیٹیاں |
| مالی معاملات | صوبائی خزانہ کمیشن |
| انتخابات اور عمومی فرنچائز | الیکشن کمیشن آف پاکستان |
| نگرانی اور عمومی ربط | مقامی حکومتوں کا کمیشن |
| مقامی حکومت کونسل اور دیہی کونسل کی مدد | مقامی حکومت اور دیہی ترقی کا ڈائریکٹریٹ |
| حد بندی | حد بندی کمیشن |
| مقامی حکومتوں اور بلدیہ کے خدمات کا انتظام | لوکل کونسل بورڈ |
| صلاحیت کی تعمیر (کپیسٹی بلڈنگ) | لوکل گورننس سکول |

## ضلعی اور تحصیل کی سطح پر منتقل کئے گئے ادارے

- محکمہ تعلیم (پرائمری اور سیکنڈری)
- محکمہ تعلیم بالغاں
- دیہاتی صحت کے مراکز (RHCs)
- کھیل اور ثقافت کا محکمہ
- لائیو سٹاک
- ماہی گیری
- ضلعی ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ اور ٹرشری کیئر کے علاوہ ہسپتال
- پبلک ہیلتھ اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ
- محکمہ خصوصی تعلیم
- صحت کے بنیادی ادارے (بیسک ہیلتھ یونٹ)
- کمیونٹی ڈیولپمنٹ
- زراعت
- پیشہ ورانہ تعلیم کا محکمہ
- ماں اور بچے کی صحت کے مراکز
- محکمہ سوشل ویلفئر
- محصولات
- پانی کا انتظام
- کوآپریٹیو
- محکمہ دیہی ترقی
- محکمہ بہبود آبادی
- زمین کی تحفظ اور زرخیزی
- جنگلات
- ضلعی سطح پر تعمیرات سڑکیں اور کمیونیکیشن